پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،،سینٹرل آفس،ایس بی ایس مارگ،ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

4 مئی 2018

تمکر گرین مرچینٹس کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، تمکر، کرناٹک، پر جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے تمکر گرین مرچینٹس کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، کرناٹک پر 5 لاکھ روپیہ کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزروبینک نے اس کوآپریٹیو بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47A(i)(C) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ ریزروبینک کی ہدایات/رہنما خطوط جو کہ اس کے ماسٹر سرکلر ڈی بی آر اے ایم ایل، بی سی نمبر 15/14.01.001/2015-16 مورخہ یکم رجولائی، 2015 جو اپنے صارف کو پہچانئے/منی لانڈنگ مخالف حصول و مالیاتی دہشت گردی/ پی ایم ایل اے، 2002 کے تحت بینکوں کے لئے ضروری اقدامات کی خلاف ورزیاں کرنے کی پاداش میں عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے اس کوآپریٹیو بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا جس کے جواب میں اس نے ایک تحریری جواب نامہ پیش کیا۔ معاملہ کی نوعیت اور اس معاملہ میں داخل بینک کے جواب پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہنچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں لہٰذا اس نے جرمانہ عائد کردیا۔

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 2912/2017-2018